**23.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمند علی خان

**Music**

------------------------------

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں **Edwin Lutyens** کے مجسّے کی جگہ سی-راج گوپالا چاری کے مجسّے کی نقاب کشائی کی اور کہا کہ یہ پہل نوآبادیاتی ذہنیت کی علامتوں کو ترک کرنے کی سمت اُٹھایا گیا قدم ہے۔

☆ امدادِ باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت ٹیکسی کوآپریٹیو کا مقصد ڈرائیوروں کو اُن کے کام کی ملکیت فراہم کرکے اُنہیں بااختیار بنانا ہے۔ وزیرموصوف نے نئی دِلی میں بھارت ٹیکسی ڈرائیوروں کے ساتھ گفتگو کی۔

☆ مرکزی وزیر سربانند سونووال نے تمل ناڈو میں ڈیڑھ ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف بندرگاہی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

☆ تہران میں بھارتی سفارتخانے نے اپنے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایران سے باہر آجائیں۔ اُن سے احتجاج یا مظاہروں والے علاقوں سے گریز کرنے کو بھی کہا گیا ہے۔

☆ نیپال میں **Trishuli** دریا میں ایک بس کے گر جانے کے حادثے میں 17 افراد کی موت ہوگئی۔

☆ اور، **ICC** کرکٹ ورلڈ کپ میں آج ممبئی میں **Super Eight** کے ایک میچ میں زمبابوے کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے.............

**RAJA JI**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں آزاد بھارت کے پہلے اور واحد بھارتی گورنر جنرل، چکرورتی راج گوپالا چاری کے مجسّے کی نقاب کشائی کی۔ اُن کا یہ مجسمہ **Edwin Lutyens** کے مجسّے کی جگہ اشوک منڈپ کے

نزدیک نصب کیا گیا ہے۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے کہا کہ چکرورتی راج گوپالا چاری بھارت کے ایک عظیم سپوت تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ راجا جی کثیر رُخی تخلیق اور کئی طرح کی خصوصیات کی حامل شخصیت تھے۔

**Byte - Droupadi Murmu**

اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے کہاکہ یہ پہل اُن اقدامات کا حصہ ہے جو نوآبادیاتی ذہنیت کی علامتوں کو ترک کرنے اور بھارت کی شاندار وراثت اور ثقافت کو پوری شان کے ساتھ اختیار کرنے،نیز اُن شخصیات کی عزت افزائی کیلئے کئے جارہے ہیں، جنہوں نے اپنے گرانقدر رول کے ساتھ بھارت ماتا کی خدمت کی۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہاکہ چکرورتی راج گوپالاچاری نے ملک کی تاریخ پر ایک اَمٹ چھاپ چھوڑی ہے۔ صدرجمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ راجا جی کے نظریات پر کام کرنا اُنہیں حقیقی خراجِ عقیدت ہوگا۔

محترمہ دروپدی مرمو نے امید ظاہر کی کہ ملک کے عوام راجا جی کی زندگی اور اُن کی وراثت سے ترغیب حاصل کریں گے اور ملک پہلے کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ اِس موقع پر نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن، مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا، ڈاکٹر ایس-جے-شنکر، دھرمیندرپردھان، گجیندر سنگھ شیخاوت، ڈاکٹر ایل-مورگن اور چکرورتی راج گوپالا چاری کے ارکانِ خاندان بھی موجود تھے۔×

## SHAH-BHARAT TAXI

امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے نئی دلّی میں بھارت ٹیکسی کے ڈرائیوروں (سارتھیوں) سے بات چیت کی۔ آج جاری ایک ویڈیو میں جناب شاہ نے کہا کہ بھارت ٹیکسی کوآپریٹو اُن کے کام کا مالکانہ حق فراہم کرکے ڈرائیوروں کو بااختیار بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس پہل کا مقصد نجی ٹیکسی سروس کمپنیوں سے متعلق مسائل سے نمٹنا اور منافع، امداد باہمی اداروں کو نہیں ڈرائیوروں کو فراہم کرنا ہے۔

**1415-Amit Shah- Bharat Taxi**

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ یہ پہل ڈرائیوروں کی فلاح وبہبود اور مسافروں کی سلامتی کیلئے ایک پلیٹ فارم بن رہی ہے۔

## PM-AI IMPACT SUMMIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے حال ہی میں نئی دلّی میں منعقد ہونے والے، انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر سنسکرت **Subhashitam** کو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس تاریخی سمٹ میں بھارت کی صلاحیتوں کی پوری دنیا میں وسیع پیمانے پر ستائش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھارتی نوجوانوں کے مستقبل پر مبنی، اُس نظریئے کی عکاسی ہوتی ہے کہ وہ کس طرح انسانوں کی فلاح بہبود کیلئے اِسے بروئے کار لاسکتے ہیں۔

اے آئی امپیکٹ 2026 سمٹ، نئی دلّی اعلامیے کو اختیار کئے جانے کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جو مصنوعی ذہانت پر عالمی اشتراک میں ایک اہم سنگ میل ہے۔×

**BJP-JNU INCIDENT**

BJP نے نئی دِلی میں جواہر لعل نہرو یونیورسٹی میں اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کے ارکان پر مبینہ حملے کی مذمت کی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان شاہنواز حسین نے دعویٰ کیا کہ یونیورسٹی میں بائیں بازو کی طلبا تنظیموں نے تخریب کاری کا راستہ اپنایا۔ اُنہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بائیں بازو کی طلبا تنظیموں کے ارکان یونیورسٹی کیمپس میں تشدد میں ملوث رہے ہیں۔

**Byte: Shahnawaz Hussain**

**J&K TERRORIST**

جموں میں قائم فوج کی وائٹ نائٹ کور نے کہا ہے کہ کشتواڑ ضلعے کے Chatroo علاقے میں بلند مقامات پر طویل عرصے کی مشترکہ کارروائی میں سات دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وائٹ نائٹ کور نے کہا ہے کہ یہ اَنتھک اور سخت کارروائی کشتواڑ کے دشوارگزار راستے اور ناموافق موسم کے حالات میں انجام دی گئی۔ فوج نے کہا ہے کہ سیف اللہ اور اُس کے ساتھیوں کی ہلاکت خطے میں سرگرم دہشت گردوں کے نیٹ ورک کیلئے ایک بڑا دھچکا ہے۔×

**JHARKHAND MUNICIPAL ELECTION**

جھارکھنڈ میونسپل انتخابات میں 9 میونسپل کارپوریشنوں اور 48شہری بلدیاتی اداروں کیلئے آج ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام پانچ بجے تک جاری رہے گی۔ اِس چناؤ میں Ballot Paper کا استعمال کیا جارہا ہے۔ 562 امیدوار میئر اور چیئرپرسن کے عہدوں کیلئے انتخاب لڑرہے ہیں۔ اِن میں 235 خواتین بھی شامل ہیں۔ وارڈ کونسلر اور پنچایت ممبر کے عہدوں کیلئے 5 ہزار 562 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ اِس کیلئے وسیع سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ ریاستی چناؤ کمیشن کے سکریٹری رادھے شیام پرساد کے مطابق 4 ہزار 307 پولنگ مراکز پر ووٹنگ ہورہی ہے۔ اِن میں دو ہزار 134 کو حساس اور896 کو انتہائی حساس پولنگ بوتھ قرار دیا گیا ہے۔ اب تک کسی ناخوشگوار واقعے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔×

**SARBANAND SONOWAL**

جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے مرکزی وزیر سربانندسونووال نے آج Tuticorin بندرگاہ پر تقریباً ڈیڑھ ہزار کروڑ

روپے مالیت کے مختلف بندرگاہی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن میں VOC بحری وراثت میوزیم، آٹھ میگاواٹ کے وِنڈ فارم اور پانچ میگاواٹ کے بیٹری انرجی اسٹوریج نظام کا سنگ بنیاد رکھنا، نیز بندرگاہ پر کارپوریٹ سماجی ذمے داری سے متعلق پروجیکٹوں کا آغاز شامل ہے۔×

## MUKUL ROY DIES

ریلوے کے سابق وزیر اور راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ مُکل رائے کا آج صبح سویرے 71 برس کی عمر میں کولکاتا کے ایک نجی اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ اُن کے بیٹے Subhranshu Roy نے اطلاع دی کہ مختلف بیماریوں میں طویل عرصے تک مبتلا رہنے کے بعد دیر رات تقریباً ڈیڑھ بجے اُن کا انتقال ہوگیا۔ آل انڈیا ترنمول کانگریس کے ایک بانی ممبر مُکل رائے، جنہیں ایک وقت پارٹی کا نمبر2 رہنما سمجھا جاتا تھا، اُنہوں نے اپنا سیاسی سفر انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ شروع کیا اور 1998 میں TMC کے قیام میں مدد کی۔ بعد میں TMC سربراہ کے ساتھ تنازع کے بعد وہ BJP میں شامل ہوگئے اور 2021 کے اسمبلی انتخابات میں BJP کے ٹکٹ پر شمالی حلقے کرشنا نگر سے چناؤ جیتا۔ تاہم وہ چناؤ کے بعد اپنی پرانی پارٹی ترنمول کانگریس میں واپس آگئے تھے۔×

## PM-CONDOLENCE-MUKUL ROY

وزیراعظم نریندر مودی نے سابق مرکزی وزیر مُکل رائے کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ مکل رائے کو، اُن کے سیاسی تجربے اور معاشرے کی خدمت کے سلسلے میں ان کی کوششوں کیلئے یاد رکھا جائے گا۔×

## HM-MUKUL ROY

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق مرکزی وزیر Mukul Roy کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ عوامی خدمت میں Mukul Roy کے طویل کریئر کی پہچان، تنظیمی عوامل اور عوامی معاملات کی اُن کی سمجھ بوجھ سے ظاہر ہوتی ہے۔ جناب امت شاہ نے اُن کے ارکانِ خاندان اور حامیوں سے بھی تعزیت کا اظہار کیا۔×

## INDIAN EMBASSY-IRAN ADVISORY

تہران میں بھارتی سفارت خانے نے، بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ کمرشیل پروازوں سمیت ٹرانسپورٹ کے دستیاب

ذرائع سے ایران سے چلے جائیں۔ سفارت خانے نے، اس سال 14 جنوری کو جاری اپنی ایڈوئزری کو دہرایا ہے اور کہا ہے کہ سبھی بھارتی شہری اور بھارت نژاد افراد انتہائی احتیاط سے کام لیں، مظاہروں کے مقامات سے گریز کریں، ایران میں بھارتی سفارت خانے سے رابطے میں رہیں اور کسی معلومات کیلئے مقامی میڈیا دیکھتے رہیں۔ اس نے بھارتی شہریوں سے یہ درخواست بھی کی ہے کہ وہ پاسپورٹ اور شناختی کارڈ سمیت اپنے سفر اور ایمگریشن کے دستاویزات اپنے پاس تیار رکھیں۔

سفارت خانے نے ہیلپ لائن نمبر بھی جاری کئے ہیں، جو اس طرح سے ہیں:

+ نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک ایک پانچ

+ نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نوایک صفر نو

اور + نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک صفر دو

سفارت خانے سے Cons. tehran@ mea.gov.in پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔×

## MEA-AFGHANISTAN

بھارت نے، افغان علاقوں پر پاکستان کی جانب سے کیے گئے فضائی حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ رمضان کے مقدس مہینے میں کیے گئے اِن حملوں میں خواتین اور بچوں سمیت کئی شہری ہلاک ہوئے ہیں۔ اس بارے میں میڈیا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ پاکستان کی اپنی داخلی ناکامیوں کو خارجی معاملات سے منسوب کرنے کی ایک اور کوشش ہے۔ جناب جیسوال نے افغانستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور آزادی کے تئیں بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔×

## NEPAL ACCIDENT

نیپال میں آج صبح سویرے پرتھوی شاہراہ کے بینی گھاٹ میں Charaundi کے نزدیک ایک بس حادثے میں دو غیر ملکیوں سمیت کم از کم 17 افراد ہلاک ہوگئے۔ پوکھرا سے کٹھمنڈو جارہی یہ بس ترِوشولی دریا میں جاگری۔ مہلوکین میں 11 مرد اور 9 خواتین شامل ہیں۔ یہ بس اتوار کی صبح 7 بجے 34 مسافروں کو لے کر پوکھرا سے روانہ ہوئی تھی اور کٹھمنڈو جاتے وقت یہ حادثہ کا شکار ہوگئی۔×

## BAFTA-MANIPUR FILM

کَل لندن میں منی پوری زبان کی ڈرامہ فلم Boong نے بچوں اور خاندان کی بہترین فلم کا BAFTA ایوارڈ جیتا۔ یہ بھارتی سنیما، خاص طور سے شمال مشرق کی فلموں کیلئے ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے علاقائی قصہ گوئی کی عالمی مقبولیت کا

اظہار ہوتا ہے۔ اس فلم کو فرحان اختر کی Excel انٹرٹینمنٹ نے پروڈیوس کیا ہے اور اس کی ہدایت کاری لکشمی پریہ دیوی نے کی ہے۔×

**T-20 WC CRICKET**

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں آج سُپر-8 کے تحت زمبابوے کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔

اس سے قبل کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں سُپر-8 کے مقابلے میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 76 رن سے ہرادیا۔ سُپر-8 کے ایک دوسرے میچ میں سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی اسٹیڈیم میں، انگلینڈ نے سری لنکا کو 51 رن سے شکست دی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆